# {الأدب العربی}

## علمِ ادبِ عربی کی تعریف:-

1. ادب اُن چیزوں کو جاننے کا نام ہے جس کے ذریعے خطا (غلطی) کی تمام انواع سے بچا جا سکا۔
2. ادب ایسے علم کا نام ہے جس کے ذریعے کلامِ عرب میں لفظی اور خطی (کتابت) کی غلطیوں سے بچا جا سکا۔
3. ادب ایسے اصولوں کا نام ہے جس کے ذریعے کلامِ عرب کے اسلوب کو جانا جاتا ہے۔

## علمِ ادبِ کا موضوع:-

یہ ایسا علم ہے جس کا کوئی خاص موضوع نہیں کہ جس کے عوارضِ ذاتیہ کو ثابت کرنے میں یا نفی کرنے میں نظر کی جائے گی۔

یہ جاننا مناسب ہے کہ موضوع، مبادی اور مسائل کا لزوم صرف صِناعاتِ نظریہ برھانیہ سے ہوتا ہے (یعنی اُس فن سے ہوتا ہے جس میں غور وفکر اور دلائل کی حاجت ہوتی ہے)، بہرحال اس کے علاؤہ تو تو کبھی کبھار تو یہ چیزیں ظاہر ہوتی ہیں جیسا کہ علمِ فقہ اور علمِ اصولِ فقہ، اور کبھی کبھار تکلف (جد وجہد) کے ساتھ ظاہر ہوتا ہے جیسا کہ بعض ادبیات میں؛ یہ اس وجہ سے کہ کبھی فن کو مختلف موضوعات، اصطلاحات اور ایسی تنبیہات سے تعبیر کیا جاتا ہے جو ایک امر کے متعلق ہوتی ہے اس کے بغیر (اس بات کے قطعِ نظر) کہ وہاں اعراضِ ذاتیہ کو ایک موضوع کے لیے ثابت کیا جائے مقدمات (موضوع ومحمول) پر واضح دلائل کے ساتھ۔

## ارکان ومدار:-

اس کے پانچ (5) ارکان ہیں:
1. علمِ بیان اپنی اقسام کے ساتھ یعنی علمِ معانی، مجاز (بیان) اور بدیع۔
2. انشاء
3. خطابت
4. عروض
5. قرضِ شعر

اور اس کا مدار کلامِ منثور اور منظوم پر اس میں بلاغت ہونے یا نہ ہونے پر بحث کے اعتبار سے ہے۔ ابنِ قتیبہ نے کہا: کہ جو عالِم بننا چاہے تو وہ ایک فن کو حاصل کرے اور جو ادیب بننا چاہے تو وہ علوم میں مہارت حاصل کرے۔

## علمِ ادب کی غرض وغایت:-

اہلِ لسان (ادیب) کے نزدیک اس علم سے مقصود اِس کا ثمرہ (نتیجہ) ہے اور وہ نتیجہ عرب کے کلامِ منثور اور منظوم میں عرب کے اسلوب اور طریقت پر جدّت پیدا کرنا ہے۔

بہرحال اس کی غایت تو وہ طالبِ علم کو اس بات پر ابھارنا ہے کہ وہ کلامِ بلیغ کو نثر یا نظم کی صورت میں لائے اور اُسے بلاغت کے مطابق خوبصورت بنائے.

## علمِ ادب کی ضرورت:-

مولانا ابوالخیر فرماتے ہیں: تو جان لے! کہ تخاطب اور محاورات کا دائرہ علوم کا دائرہ دینے اور اُس سے فائدہ حاصل کرنے میں ہے اِسس وجہ سے کہ طلباء کے لیے یہ علوم واضح نہیں ہوتے مگر الفاظ اور اُن کے احوال کے ذریعے اور یہ (الفاظ کے احوال کو یاد کرنا) اُن میں سے ہے جس کا علماء نے اہتمام کیا اور الفاظ کے احوال سے کئی علوم اخذ کیے اِن علوم کو علماء نے بارہ (12) قسموں پر تقسیم کیا اور اِسے "علومِ ادبیہ" کا نام دیا اِس پر درس کا ادب بالذات موقوف، اور نفس کا ادب بالواسطہ موقوف ہونے کی وجہ سے، اور (اِس کو) "علومِ عربیہ" کا بھی نام دیا علماء کا عربی الفاظ پر بحث کرنے کی وجہ سے، اور اس وجہ سے بھی کہ ہماری شریعت جو کہ احسن اور اولی شریعت ہے تمام لغات پر اور ذوق اور وِجدان کے اعتبار سے کامل ہونے کی وجہ سے (جو کہ عربی زبان میں ہے).

## علمِ ادب کی فضیلت:-

حضرتِ عبد اللہ بن مبارک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میں نے علمِ حدیث میں (یعنی اُس کو سیکھنے میں) چالیس ہزار (40,000) دینار خرچ کیے، اور علمِ ادب میں ساٹھ ہزار (60,000) اور کاش کہ جن دینار کو میں نے علمِ حدیث سیکھنے میں خرچ کیے اُسے علمِ ادب سیکھنے میں خرچ کرتا، تو آپ سے سوال کیا گیا: کیسے؟ آپ نے ارشاد فرمایا: اس وجہ سے کہ عیسائیوں نے تشدید کے سبب کفر کیا کہ انہوں نے اُس تشدید کو تخفیف کردیا اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: ((یا عیسیٰ إنی ولَّدتك من عذراء بتول)) کہ اے عیسیٰ! میں تجھے عذراء بتول سے پیدا کروں گا، تو عیسائیوں نے پڑھا: ((ولدتك)) کہ میں تجھے اولاد بناؤں گا. (معاذ اللہ عزوجل).

علماء فرماتے ہیں: ادیب اور عالم کے درمیان فرق ہے، کہ ادیب ہر فن میں سے احسن کو لیتا ہے اور پھر اُسے پسند کرتا ہے، جبکہ عالم علم میں سے کسی فن کا انتخاب کرتا ہے پھر اُس پر عمل کرتا ہے. اِسی وجہ سے حضرتِ علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے فرمایا: کہ علم ایک ایسی چیز ہے جسے شمار کیا جائے تو وہ اس سے بھی زیادہ ہے، تو تم ہر فن میں سے احسن کو لو.

## علمِ ادب کے مَطالِع(اولیات):-

علمِ ادب کے مطالع تین (3) صورتوں پر ہیں:

1. فکر کرنے والا دل
2. تعبیر کرنے والی زبان
3. منظر کشی کرنے والا بیان

تو جو شخص کند ذہن ہو کہ سمجھداری نہ ہو، اور نہ ہی باریک بینی والی فکر ہو، اور نہ ہی ایسا خیال ہو جو منظر کشی کرسکے جسے وہ چاہے، اور نہ ہی ایسا ذوق ہو جو پتلے اور موٹے کے

درمیان فرق کرسکے تو اُس شخص کے لیے بہتر ہے کہ وہ اِس علم کو چھوڑ دے اور دوسرے کی طرف پھیرے جو اُسے زیادہ فائدے مند ہو. جہاں تک زبان کی روانی تو اِس کی طرف وہ محتاج ہوتے ہیں جو خطیب بننا چاہتے ہیں، اور یہ خطیب میں اہم شرط ہے.

## علمِ ادب کے حصول کے لیے مطالعہ:-

متادب (علمِ ادب حاصل کرنے والے) پر لازم ہے کہ وہ ایسی ادبی کتب ورسائل کا بکثرت مطالعہ کرے جو جدید کلامِ منظوم اور منثور کے مطابق ہو تاکہ اُس شخص کے لیے اِس کے بعد عربی سلیقہ پیدا ہو اور کافی مادہ (الفاظ کا مجموعہ) جمع ہو اور تاکہ اُس کا حافظہ چنے ہوئے الفاظ اور شریف معنیٰ، اور بلاغی اسلوب کو محفوظ کرسکے اس طرح کہ حاجت کے وقت یہ اُن الفاظ اور اسلوب کو استعمال کرسکے.

بہرحال مطالعے سے صرف ادب کا درس حاصل کرنا تو طالبِ علم کو یہ تسلی بخش دائرہ نہیں دیتا؛ اس لیے کہ بغیر عمل کے علم اُس کے صاحب کو جہالت سے زیادہ نقصان دیتا ہے.

اور مطالِع (مطالعہ کرنے والے) کو چاہیئے کہ وہ اُن کتب کو پڑھے جو عظیم بلغاء پر مشتمل ہو تاکہ اُس شخص کے ذہن میں بلغاء کا اسلوب راسخ ہو پھر وہ اُن کے طریقے پر چلے.

## علمِ ادبیہ کی اقسام:-

علامہ زمخشری نے کہا: کہ جان لو! علومِ ادبیہ کی اقسام بارہ (12) قسموں پر ہے:

1. علمِ لغت: الفاظ کی حقیقت اور ہیئت وغیرہ کے علم کو ”علمِ لغت“ کہتے ہیں.
2. علمِ ابنیہ: علمِ صرف کو ”علمِ ابنیہ“ بھی کہتے ہیں.
3. علمِ اشتقاق: جس علم میں مادہ اصلی سے مشتق ہونے والے الفاظ سے بحث کی جائے اسے ”علمِ اشتقاق“ کہتے ہیں.
4. علمِ اعراب: علمِ نحو کو ”علمِ اعراب“ بھی کہا جاتا ہے.
5. علمِ معانی: وہ علم جس کے ذریعے عربی الفاظ کے ان احوال کو جانا جاتا ہے جو مقتضائے حال کے مطابق ہوں.
6. علمِ بیان: اس سے مراد علمِ بلاغت کا علمِ بیان ہے.
7. علمِ عروض: وہ علم جس میں شعر کے وزن اور اس کے ٹکڑے کرنے کا مکمل ذکر کیا جائے.
8. علمِ قوافی: قافیہ کی جمع، حروف وحرکات کا وہ مجموعہ جو الفاظ کے ساتھ غیر مستقل طور پر شعر بامصرع کے آخر میں آئے.
9. انشاءِ نثر: وہ علم جس کا موضوع عبارت لکھنے یا مضمون نویسی پر مشتمل ہو.
10. قرضِ شعر: وہ علم جس میں شعر کے اوصاف یا خامیوں کا وضاحت کے ساتھ ذکر کیا جائے.
11. علمِ کتابت: اس سے مراد لکھنے کا علم ہے.
12. محاضرات: وہ علم جس میں عربی زبان میں گزری ہوئی کہانیوں کا ذکر کیا جائے.

تو ادیب وہ شخص ہے جو علمِ ادب کو جانتا ہو جیسا کہ نحو، صرف، لغت، بیان، معانی، عروض وغیرہ۔

علمِ ادب شعر اور نثر پر مشتمل ہے۔

## شعر کی تعریف:-

وہ کلام جو موزونی (جس میں وزن کا لحاظ رکھا گیا ہو) اور موقوفی (جس میں قافیہ کی رعایت رکھی گئی ہو) ہو۔ یا وہ اسلوب جس کے ذریعے شاعر اپنی شفقتوں، اپنے احساسات کی منظر کشی کرے اُس اسلوب میں وزن، قافیہ پر اعتماد کرتے ہوئے اور خیالات وشفقتوں کو ظاہر کرتے ہوئے۔

## نثر کی تعریف:-

وہ اسلوب جس کے ذریعے ادیب اپنے افکار ونظریات اور معانی ومفہوم کی منظر کشی بغیر وزن اور قافیے پر اعتماد کرتے ہوئے کرے۔

**فائدہ:** یہاں یہ ہمارے لیے واضح ہوگیا کہ شعر وجدان کا مظہر ہے جبکہ نثر عقل اور تہذیب کا مظہر ہے۔

اسی وجہ سے شعر نثر کی بنسبت زیادہ پہلے پائے جاتے ہیں؛ اس لیے کہ شعر خیال اور شفقت پر قائم ہوتا ہے، جبکہ نثر تو وہ تفکیر (غور وفکر) اور منطق پر قائم ہوتا ہے، اور خیال وجود میں تفکیر سے پہلے پایا جاتا ہے۔

## {اشعار کے متعلق معلوماتِ عامہ}

- رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ((إن من الشعر حکمة)) کہ بیشک بعض اشعار حکمت بھرے ہیں. تو جب اشعار میں حکمت ہوگی تو اِن اشعار کو پڑھنا جائز ہوا، حکمت سے مراد "وہ سچا قول ہے جو واقع کے مطابق ہو" جبکہ ایک قول یہ ہے کہ: حکمت کی اصل (مراد) روکنا ہے، اور معنٰی یہ ہے کہ بعض شعر ایسے نفع دینے والے کلام ہوتے ہیں جو بے وقوفی سے روکتے ہیں.
  ابنِ تین نے کہا: کہ اِس کا مفہوم یہ ہے کہ بعض اشعار اِس طرح نہیں ہوتے (حکمت بھرے)؛ اس لیے کہ 'مِن' تبعیضیہ ہے، امام طبری نے کہا: کہ اس میں مطلقًا کثرتِ شعر کا رد ہے، امام طبری نے صحابہ اور کبار تابعین کی ایک جماعت سے روایت کیا کہ وہ (لوگ) شعر کہتے تھے اُسے پڑھتے اور سنتے تھے، امام ترمذی اور ابنِ ابی شیبہ نے حضرتِ جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا فرماتے ہیں: کہ صحابہ کرام حضور ﷺ کے پاس شعر پڑھا کرتے اور جاھلیت کی بات کیا کرتے تھے تو نبی کریم ﷺ نے منع نہ فرمایا بلکہ کبھی کبھی مسکراتے تھے.

- شعر، رجز (شعر کی ایک بحر کا نام یعنی اوزان میں سے ایک وزن کا نام)، حُداء (گیت) تمام کلام کی طرح ہیں، تو جس میں اللہ تعالیٰ کی تعظیم، اُس کی وحدانیت، قدرت، اطاعت پر ابھارنے، دنیا کی حقارت، اور تمام کام اسی کی سپردگی کا ذکر ہو تو وہ اشعار اچھے اور ترغیب دیے ہوئے ہیں، اور یہی وہ اشعار ہیں جن کے متعلق نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ((بیشک بعض اشعار حکمت بھرے ہیں))، اور جو اشعار جھوٹے اور قبیح ہوں تو یہی وہ اشعار ہیں جن کی اللہ اور اُس کے رسول نے مذمت فرمائی ہے. امام شافعی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں: "شعر کلام ہے، شعر کا اچھا ہونا کلام کے اچھے ہونے کی طرح ہے، اور قبیح ہونا کلام کے قبیح ہونے کی طرح ہے"، اور گیت سننا اور اعرابی (کے اشعار کو) پڑھنا تو اِس میں کوئی حرج نہیں؛ اس لیے کہ نبی پاک ﷺ نے بھی سننا اور اِسے برقرار رکھا اور اِس کا انکار نہیں فرمایا.

- اشعار کا اچھے اور قبیح ہونے میں کوئی دخل نہیں ہے اور نہ ہی اچھے اور قبیح ہونے میں معانی کی حالت کا اعتبار کیا جاتا ہے، بلکہ مدار صرف معانی پر ہے نہ کہ اُس کلام کا نثر یا نظم ہونے میں؛ اِس لیے کہ یہ دونوں اس کی کیفیت اور طریقے ہیں، لیکن اگر کلام اچھا اور حکمت بھرا ہوگا تو یہ شعر بھی حکمت بھرا ہوگا، اور اگر کلام بُرا ہوگا تو یہ اشعار بھی بُرے ہوں گے، اور شریعت نے شعر کی مذمت اِس بناء پر کی ہے کہ اکثر طور پر اشعار میں اُن لوگوں کی مدح کی جاتی ہے جو مدح کے مستحق نہیں ہوتے؛ اِسی وجہ سے جب اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: ((وَ الشُّعَرَآءُ یَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ)) کہ شاعروں کی پیروی گمراہ کرتے ہیں، تو اِس پر ثناء کرتے ہوئے فرمایا: ((اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ) مگر وہ جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے.

- جب شعر میں حکمتیں ہوں جیسے: نصیحت، اور ایسی مثالیں جو لوگوں کو نفع دیں اُن اشعار کا پڑھنا بلا شک وشبہ جائز ہے.

- حکمت: اِس کے متعلق کثیر مختلف اقوال ہیں ہر کہنے والے نے بعض حکمت کی صفات پر اقتصار کیا، ہم نے اِس کی صفت بیان کی ہے: کہ حکمت اُس علم کا نام ہے جو ایسے احکام کے ساتھ ملا ہوا ہو جو اللہ تعالیٰ کی معرفت پر مشتمل ہو، کامل بصیرت کے ساتھ ملی ہوئی ہو، نفس کی تہذیب کو ملی ہوئی ہو، حق کا ثابت کرے، اُس پر عمل کرے، اور خواہشات وباطل کی اتباع سے بچے. اور حکیم: وہ ہے جس کے اندر یہ صفات ہوں. ابوبکر بن دُرید نے کہا: کہ "ہر کلمہ جو تجھے نصیحت کرے اور تجھ پر زجر کرے یا تجھے عزت کی طرف بلائے یا قبیح سے روکے تو وہ حکمت ہے". اِسی وجہ سے نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ((إن من الشعر حكمة)) کہ بعض اشعار حکمت بھرے ہیں، بعض روایات میں ((حکما)). واللہ اعلم

- حدیث: ((إن من الشعر حكما)) حكمة کی جمع ہے، یعنی ایسا سچا قول جو واقع کے مطابق، حق کے موافق ہو، اور یہ (اِس کی مثال) جو کچھ نصیحتیں، دنیا کی مذمت، دنیا کے غرور سے بچنا وغیرہ ہے، جنسِ شعر (مطلقاً شعر) اگرچہ مذموم ہے لیکن جو حمد کی جاتی ہے وہ اشعار کے حکمت پر مشتمل ہونے کی وجہ سے ہے.

- ابنِ عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "جب تم پر قرآن میں سے کچھ مخفی ہو تو تُم اسے شعر میں تلاش کرو؛ کیونکہ وہ عرب کا دیوان ہے".

- ابنِ عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "شعر عرب کا دیوان ہے، یہ (شعر) عرب کا سب سے پہلا علم ہے تو تُم پر جاہلیت کے اشعار کے ساتھ اہلِ حجاز کے اشعار بھی لازم ہے.

- حضرتِ عکرمہ حضرتِ ابنِ عباس سے راوی ہیں فرماتے: "جب تُم میں سے کوئی قرآن کو پڑھے پھر جو اس کی تفسیر ہے اس کو نہ جانے تو چاہیئے کہ وہ شعر میں تلاش کرے؛ کیونکہ وہ عرب کا دیوان ہے". یہ حدیث صحیح موقوف ہے.

- اشعار میں حکمتِ نادرہ، بہت مثالیں، تفسیر کے دلائل، تاویل کے دلائل ہیں، تو وہ عرب کا دیوان ہے.

حضرتِ یوسف بن مہران اور سعید بن جُبیر رضی اللہ عنہما سے روایت ہیں وہ فرماتے ہیں:
کہ ہم ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے سنتے تھے کہ اُن سے قرآن کے متعلق سوال کیا جاتا تھا، تو آپ فرماتے: کہ یہ اِس اِس طرح، کیا تم نے شاعر کو نہیں سنا کہ انہوں نے اِس اِس طرح کہا.

- حضور ﷺ نے شرک کا اشعار کو ناپسند فرمایا اور اُن شاعروں سے نفرت فرمائی اور مسلمان شاعروب سے مدد طلب کی اور اُن مسلمان شاعروں کو دین کے دفاع پر اور اپنے سامنے شعر پڑھنے پر بلایا وہ شعر کو اسلحہ بنانا ہے جس کے ذریعے دفاع کیا جائے اس طرح کہ فرمایا: کس چیز نے روکا اُن لوگوں کو جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول کی ہتھیاروں سے مدد کی وہ اپنی زبانوں سے مدد کریں اور رسول اللہ ﷺ نے شاعر حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کو عقیدے، دین اور مشرکین کے ہجوء سے دفاع کی طرف بلایا اس طرح کہ حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کو شاعرِ رسول کا نام دیا گیا اس قول کی وجہ سے:

اللہ پاک نے فرمایا: بیشک میں نے اپنا بندہ بھیجا اگر مصیبت نفع دے تو وہ حق کہتے
میں نے اس کی گواہی دی تو تُم کھڑے ہو اور تصدیق کرو تو تُم نے کہا: ہم نہیں کھڑے ہوں گے اور ہم چاہتے بھی نہیں
تو جو تُم میں سے رسول کی ہجوء کرے اور جو اس کی تعریف کرے اور جو اس کی مدد کرے برابر ہیں

روایت کیا گیا ہے کہ بنو تمیم کا ایک وفد نبی پاک ﷺ کے پاس آئے اور اُن کے ساتھ اُن کے شعراء زبرقان بن بدر اور اقرع بن حابس، اور اُن کے خطباء عطارد بن حاجب تھے، پھر انہوں نے آپ ﷺ کے حجرہ مبارکہ کے سامنے ندا دینا شروع کی: اے محمد ﷺ! تُم ہمارے سامنے نکلو ہم تُم سے باہمی فخر کرتے اور شعر پڑھتے ہیں، تو نبی پاک ﷺ نے اپنے خطیب حضرتِ ثابت بن قیس اور اپنے شاعر حسان بن ثابت کو بھیجا، پھر حضرتِ ثابت نے عطارد سے خطابت میں اور حضرتِ حسان نے زبرقان سے شعر میں مقابلہ کیا، تو ابنِ حابس نے کہا: اللہ کی قسم! بیشک یہ مرد یعنی رسول ضرور اِس کو دیا گیا ہے، اُس کے خطیب ہمار خطیب سے زیادہ اچھے، اُس کے شاعر ہمارے شاعر سے زیادہ اچھے، اور ان کی آواز ہماری آواز سے بہت اعلیٰ ہے، پھر پوری قوم نے رسول اللہ ﷺ کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا اور ان پر تحائف کی بارش کردی.

- اشعار کو مسجد میں پڑھنے کے متعلق علماء کا اختلاف ہے، تو ایک گروہ نے اس کی اجازت دی جب کہ اشعار ان میں سے ہو جس کو روایت کرنے میں کوئی حرج نہ ہو، ابنِ جیب فرماتے ہیں: کہ میں نے ابنِ ماجشون اور محمد بن سلام کو مسجد میں میں شعر پڑھتے اور ایامِ عرب کا تذکرہ کرتے ہوئے دیکھا، اور یربوع اور ضحاک بن عثمان مالک پر شعر پڑھتے تھے اور عرب کی خبروں کو بیان کیا کرتے تھے تو وہ ان کی طرف متوجہ ہوتے، اور دوسروں نے اس میں مخالفت کی تو انہوں نے مسجد میں اشعار پڑھنے کو ناپسند قرار دیا اور انہوں نے دلیل پکڑی جسے لیث نے ابنِ ڈھلان سے روایت کیا انہوں نے عمرو بن شعیب سے انہوں نے اپنے والد سے اور انہوں نے اپنے دادا سے روایت کیا: کہ (رسول اللہ ﷺ نے مسجد میں شعر پڑھنے کو ناپسند فرمایا، اور یہ کہ تم مسجد میں سامان بیچو، اور یہ کہ مسجد میں نماز سے پہلے حلقے لگاؤ انہیں نبی کریم ﷺ نے ناپسند فرمایا). امام طحاوی فرماتے ہیں: پہلے قول والوں کی دلیل جسے امام بخاری نے بدء الخلق میں ذکر کیا: کہ حضرتِ عمر رضی اللہ عنہ مسجد کے پاس

سے گزرے اور حضرتِ حسان مسجد میں شعر پڑھ رہے تھے تو آپ نے زجر کیا تو حضرتِ حسان نے فرمایا: میں مسجد میں شعر پڑھتا ہوں اس حال میں مسجد میں آپ سے بہتر تشریف فرما ہوتے تھے اور یہ رسول اللہ ﷺ کے صحابہ کی موجودگی میں ہوا تو کسی نے بھی انکار نہیں کیا اور خود حضرتِ عمر نے بھی انکار نہیں کیا تو گویا کہ جن اشعار کو مسجد میں پڑھنے سے منع کیا وہ وہ اشعار ہیں جن میں بد زبانی اور جھوٹ ہو، اور وہ اشعار جو مسجد پر غالب آجائیں یہاں تک کہ مسجد کا ہر شخص اس میں مشغول ہوجائے تو وہ جائز ہے جیسا کہ ابو عبید نے نبی پاک ﷺ کے قول کی تاویل فرمائی: " یہ اس وجہ سے ہے کہ تم میں سے کسی شخص کا پیٹ قے سے بھڑ جائے یہاں تک کہ وہ پیٹ کو خراب کردے یہ اس سے بہتر ہے کہ وہ پیٹ کو اشعار سے بھرے" جو اس کے صاحب پر غالب آ جائے.

- اشعار کو مسجد میں پڑھنے کے متعلق علماء کا اختلاف ہے، تو ایک گروہ نے اسے جائز قرار دیا جب کہ شعر ایسا ہو جس میں کوئی حرج نہ ہو، اور جب اس میں حکمت ہو، یا اس میں نبی کریم ﷺ اور آپ کے صحابہ کے فخر کا ذکر ہو تو یہ جائز ہے اس میں کوئی اختلاف نہیں؛ اس لیے کہ شعر صرف وہ موزونی کلام ہے تو اس کا اچھا اچھا ہے اور اس کا برا برا ہے.

- بہرحال اچھا تو جائز ہے عبد الملک کی حدیث کی وجہ سے (جیسا کہ مذکور ہے)
- اور بہرحال قبیح تو اس وجہ سے کہ اس میں نہ کوئی حکمت ہے نہ کوئی علم، تو مناسب یہ ہے کہ مسجد کو ان اشعار سے پاک رکھا جائے.
- وہ لوگ جنہوں نے اس سے منع کیا اور ناجائز کہا تو انہوں نے لیث کی روایت سے دلیل پکڑی (جیسا کہ حدیث مذکور ہے)

پہلے والوں کی دلیل زیادہ قوی ہے امام بخاری وغیرہ کی روایت کی وجہ سے -

- امام احمد رضا خان بریلوی فرماتے ہیں: عبادت و محنت دینیہ کے بعد دفع کلال وملال وحصول تازگی وراحت کے لئے احیاناً کسی امر مباح میں مشغولی جیسے جائز اشعار عاشقانہ کا پڑھنا سننا شرعاً مباح بلکہ مطلوب ہے

# {دیوان حسّان بن ثابت رضی اللہ عنہ}

**مختصر حالات:** آپ کی کنیت ابو الحُسَام، نام حسان بن ثابت انصاری خزرجی، آپ رسول اللہ ﷺ کے شاعر تھے یعنی آپ حضور ﷺ کی مدح سرائی اپنے اشعار میں بیان کرتے تھے، آپ مخضرمین(جنہوں نے زمانہ جاہلیت اور زمان اسلام دونوں کو پایا) میں سے تھے آپ نے ساٹھ (60) سال زمانہ جاہلیت میں گزارے جبکہ ساٹھ (60) سال زمانہ اسلام میں گزارے اور یوں آپ ایک سو بیس (120) سال کی عمر میں سن 54ھ میں مدینہ منورہ میں اپنے مالکِ حقیقی سے جا ملے، آپ کے متعلق حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: "((إنَّ الله یویّد حسانَ بروح القدس ما نافَح عن رسول الله)) یعنی اللہ تعالیٰ حضرت حسان رضی اللہ عنہ کی مدد فرماتا ہے روح القدس (حضرت جبرائیل علیہ السلام) کے ذریعے جب تک آپ رضی اللہ عنہ (اپنے اشعار کے ذریعے) حضور ﷺ کا دفاع کرتے ہیں۔"

وقال حسّان رضي الله عنه يمدَح النَّبي صلى الله عليه وسلم
(حضرتِ حسان رضی اللہ عنہ نے نبی پاک ﷺ کی تعریف کرتے ہوئے فرمایا)

- أَغَرُّ، عَلَيْهِ لِلنُّبُوَّةِ خَاتَمٌ　　　مِنَ اللهِ مَشْهُودٌ يَلُوْحُ وَيَشْهَدُ

ترجمہ: آپ (ﷺ) روشن چہرے والے، جن پر اللہ کی طرف سے نبوت کی مہر ظاہر ہوتی اور گواہی دیتی ہے جو کہ اللہ کی جانب سے گواہی دیئے گئے ہیں (کہ آپ ﷺ خاتم النبیین ہیں)۔

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| أغَرُّ | روشن چہرے والے | واحد مذکر | اسمِ تفضیل | ثلاثی مجرد | مضاعف | سَمِعَ – يَسمَعُ |
| النُّبُوَّةُ | نبوت، ج (نُبُوءَات) | واحد مؤنث | اسم جامد | ثلاثی مجرد | مہموز اللام | _ |
| خَاتَمٌ | مہر/ختم کا آلہ | واحد | اسمِ آلہ | ثلاثی مجرد | صحیح | ضَرَبَ – يَضرِبُ |
| مَشهُودٌ | گواہی دیے گئے | واحد مذکر | اسمِ مفعول | ثلاثی مجرد | صحیح | سَمِعَ – يَسمَعُ |
| يَلُوحُ | ظاہر ہوتی ہے | واحد مذکر غائب | فعل مضارع معروف | ثلاثی مجرد | اجوفِ واوی | نَصَرَ – يَنْصُرُ |
| يَشهَدُ | گواہی دیتی ہے | واحد مذکر غائب | فعل مضارع معروف | ثلاثی مجرد | صحیح | سَمِعَ – يَسمَعُ |

- وَضَمَّ الإِلٰهُ اسْمَ النَّبِيِّ إِلَى إِسْمِهِ　　　إِذَا قَالَ الْمُؤَذِّنُ فِي الْخَمْسِ أَشْهَدُ

ترجمہ: اور خدا (ذاتِ باری تعالیٰ) نے نبی کے نام کو اپنے نام کے ساتھ ملایا جب مؤذن نے پانچ (اذان کے وقت) میں أشهد (أن محمد رسول الله) کہتا ہے۔

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ضَمَّ | ملایا/الحاق کیا | واحد مذکر غائب | فعل ماضی معروف | ثلاثی مجرد | مضاعف | نَصَرَ – يَنْصُرُ |
| الإِلٰهُ | خدا/معبود، ج (آلِهَةٌ) | واحد مذکر | اسم جامد | ثلاثی مجرد | مہموز الفاء | _ |
| إِسمٌ | نام، ج (أسمَاءٌ)، جج (أسَامِي، أسَامٍ) | واحد مذکر | اسم جامد | ثلاثی مجرد | ناقص واوی | _ |
| قَالَ | کہا/بولا | واحد مذکر غائب | فعل ماضی معروف | ثلاثی مجرد | اجوفِ واوی | نَصَرَ – يَنْصُرُ |
| المُؤَذِّنُ | اذان دینے والا | واحد مذکر | اسم فاعل | ثلاثی مزیدفیہ | مہموز الفاء | تفعِیل |

- وَشَقَّ لَهُ مِن إسْمِهِ لِيُجِلَّهُ　　فَذُو الْعَرْشِ مَحْمُوْدٌ وَهذَا مُحَمَّدُ

ترجمہ: اور (اللہ تعالیٰ) نے اپنے نام سے آپ (ﷺ کے نام کو) نکالا آپ (ﷺ) کی عظمت کو ظاہر کرنے کے لیے تو عرش والا محمود (اللہ پاک کا نام حمید بمعنیٰ محمود) ہے اور یہ (آپ ﷺ) محمد ہیں.

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| شَقَّ | بنایا/مشتق کیا | واحد مذکر غائب | فعل ماضی معروف | ثلاثی مجرد | مضاعف | نَصَرَ – يَنْصُرُ |
| لِيُجِلَّ | عزت بڑھانے کے لیے | واحد مذکر غائب | فعل امر معروف | ثلاثی مزیدفیہ | مضاعف | اِفعَال |
| مَحمُودٌ | حمد/تعریف کیے ہوئے | واحد مذکر | اسمِ مفعول | ثلاثی مجرد | صحیح | سَمِعَ – يَسمَعُ |

- نَبِيٌّ أَتَانَا بَعْدَ يَأْسٍ وَفَتْرَةٍ　　مِنَ الرُّسُلِ وَالْأَوْثَانُ فِي الْأَرْضِ تُعْبَدُ

ترجمہ: نبی (ﷺ) ہمارے پاس (لوگوں کے) مایوس ہونے اور زمانہ فترت کے بعد رسولوں میں سے اس حال میں (آپ تشریف لائے) کہ زمین میں بتوں کی پوجا کی جاتی تھی.

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| أَتَى | وہ آئے | واحد مذکر غائب | فعل ماضی معروف | ثلاثی مجرد | مہموز الفاء، ناقص یائی | ضَرَبَ – يَضرِبُ |
| يَأسٌ | مایوس ہونا | واحد | اسمِ مصدر | ثلاثی مجرد | مثالِ یائی، مہموز الفاء | سَمِعَ – يَسمَعُ |
| فَترَةٌ | دو نبیوں کے درمیان کا وقفہ | واحد مؤنث | اسمِ جامد | ثلاثی مجرد | صحیح | _ |
| الرُسُلُ | پیغمبروں/، و (الرَسُولُ) | جمع مذکر | اسمِ جامد | ثلاثی مجرد | صحیح | _ |
| الأوثَانُ | بتوں، و (الوَثَنُ) | جمع مذکر | اسمِ جامد | ثلاثی مجرد | مثالِ واوی | _ |
| تُعبَدُ | پوجا کی جاتی ہے | واحد مؤنث غائب | فعل مضارع مجہول | ثلاثی مجرد | صحیح | نَصَرَ – يَنْصُرُ |

- فَأَمْسَى سِرَاجًا مُسْتَنِيرًا وَهَادِيًا　　يَلُوْحُ كَمَا لَاحَ الصَّقِيْلُ الْمُهَنَّدُ

ترجمہ: تو آپ روشن چراغ اور ہدایت دینے والے ہوگئے کہ (آپ ﷺ) چمکتے/ظاہر ہوتے ہیں ہندی لوہے سے بنی ہوئی تلوار کی طرح.

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| أمسَى | بمعنیٰ صَارَ ہوگئے | واحد مذکر | افعالِ ناقصہ | ثلاثی مزیدفیہ | ناقصِ واوی | اِفعَال |
| سِرَاجٌ | چراغ، ج (سُرُجٌ) | واحد مذکر | اسمِ جامد | ثلاثی مجرد | صحیح | _ |
| مُستَنِيرٌ | روشن کرنے والے | واحد مذکر | اسمِ فاعل | ثلاثی مزیدفیہ | اجوفِ واوی | اِستِفعَال |
| هَادِيٌ | ہدایت دینے والے | واحد مذکر | اسمِ فاعل | ثلاثی مجرد | ناقصِ یائی | ضَرَبَ – يَضرِبُ |
| الصَّقِيلُ | صاف کی ہوئی (تلوار) | واحد مذکر | صفتِ مشبہ | ثلاثی مجرد | صحیح | نَصَرَ – يَنْصُرُ |
| المُهَنَّدُ | ہندی لوہے سے بنی ہوئی | واحد مذکر | اسمِ مفعول | ثلاثی مزیدفیہ | صحیح | تَفعِيل |

• وَأَنْذَرَنَا نَارًا وَبَشَّرَ جَنَّةً      وَعَلَّمَنَا الْإِسْلَامَ فَاللّٰهَ نَحْمَدُ

ترجمہ: (آپ ﷺ) نے ہمیں آگ (دوزخ) سے ڈرایا اور ہمیں جنت کی خوشخبری دی اور ہمیں اسلام (مراد احکام) سکھائے تو اللہ تعالیٰ ہی کی ہم حمد کرتے ہیں۔

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| أَنْذَرَ | ڈرایا | واحد مذکر غائب | فعل ماضی معروف | ثلاثی مزیدفیہ | صحیح | اِفعَال |
| بَشَّرَ | خوشخبری دی | واحد مذکر غائب | فعل ماضی معروف | ثلاثی مزیدفیہ | صحیح | تَفعِیل |
| عَلَّمَ | سکھایا | واحد مذکر غائب | فعل ماضی معروف | ثلاثی مزیدفیہ | صحیح | تَفعِیل |
| نَحمَدُ | ہم حمد/تعریف کرتے ہیں | جمع متکلم | فعل مضارع معروف | ثلاثی مجرد | صحیح | سَمِعَ – یَسمَعُ |

• وَأَنْتَ إِلٰهَ الْخَلْقِ رَبِّي وَخَالِقِي      بِذٰلِكَ مَا عُمِّرْتُ فِي النَّاسِ أَشْهَدُ

ترجمہ: اور تُو مخلوق کا خدا میرا رب اور مجھے پیدا کرنے والا ہے اس (بات) کی جب تک میری عمر لوگوں میں دراز کی گئی (مراد آخر وقت تک) گواہی دوں گا۔

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الخَلقُ | مخلوق/لوگ، ج (خُلُوق) | واحد مذکر | اسمِ مصدر | ثلاثی مجرد | صحیح | نَصَرَ – یَنْصُرُ |
| خَالِقُ | پیدا کرنے والا | واحد مذکر | اسمِ فاعل | ثلاثی مجرد | صحیح | نَصَرَ – یَنْصُرُ |
| عُمِّرْتُ | میں آباد رکھا گیا | واحد متکلم | فعل ماضی مجہول | ثلاثی مزیدفیہ | صحیح | تَفعِیل |

• تَعَالَيْتَ رَبَّ النَّاسِ عَنْ قَوْلِ مَنْ دَعَا      سِوَاكَ إِلٰهًا أَنْتَ أَعْلَى وَأَمْجَدُ

ترجمہ: تُو اے لوگوں کے رب! اُن کے قول سے بلند وبالا ہے جو تیرے علاوہ کو معبود سمجھ کر پکارے کہ تُو سب سے سے بلند اور سب سے زیادہ عزت والا ہے۔

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تَعَالَیتَ | تُو بلند وبالا ہے | واحد مذکر حاضر | فعل ماضی معروف | ثلاثی مزیدفیہ | ناقصِ واوی | تَفَاعُل |
| دَعَا | پکارا/بلایا | واحد مذکر غائب | فعل ماضی معروف | ثلاثی مجرد | ناقصِ واوی | نَصَرَ – یَنْصُرُ |
| أعلٰی | سب سے بلند | واحد مذکر | اسمِ تفضیل | ثلاثی مجرد | ناقصِ واوی | نَصَرَ – یَنْصُرُ |
| أمجَدُ | سب سے زیادہ عظمت والا | واحد مذکر | اسمِ تفضیل | ثلاثی مجرد | صحیح | نَصَرَ – یَنْصُرُ |

• لَكَ الْخَلْقُ والنَّعْمَاءُ وَالْأَمْرُ كُلُّهُ      فَإِيَّاكَ نَسْتَهْدِي وَإِيَّاكَ نَعْبُدُ

ترجمہ: تیرے لیے ہی مخلوق اور مال ودولت اور تمام کام تیرے ہی (سپرد) ہیں تو ہم تجھ ہی سے ہدایت طلب کرتے ہیں اور تیری ہی عبادت کرتے ہیں۔

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّعمَاءُ | مال ودولت، ج (أنعُمٌ) | واحد مذکر | اسم جامد | ثلاثی مجرد | صحیح | _ |
| نَستَهدِی | ہم ہدایت طلب کرتے ہیں | جمع متکلم | فعل مضارع معروف | ثلاثی مزیدفیہ | ناقصِ یائی | اِستِفعَال |
| نَعبُدُ | ہم عبادت کرتے ہیں | جمع متکلم | فعل مضارع معروف | ثلاثی مجرد | صحیح | نَصَرَ – یَنْصُرُ |

فلمّا سمع بذلك حسّان رضی الله عنه قال يجاوب الهاتف[1]

(تو جب حضرتِ حسان نے اس کو سنا تو غیبی آواز کو جواب دیتے ہوئے کہا)

- لَقَدْ خَابَ قَوْمٌ غَابَ عَنْهُمْ نَبِيُّهُمْ وَقُدِّسَ مَنْ يَسْرِي إِلَيْهِمْ وَيَغْتَدِي

ترجمہ: بیشک اُس قوم نے نقصان اٹھایا جنہیں اُن کے نبی چھوڑ گئے اور (وہ لوگ) پاک کردیے گئے جن کی طرف رات کو سفر کیا اور (جن کی طرف) صبح کی۔

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| خَابَ | نقصان اٹھایا | واحد مذکر غائب | فعل ماضی معروف | ثلاثی مجرد | اجوفِ یائی | ضَرَبَ – يَضرِبُ |
| قَومٌ | عوام/لوگ/قوم | واحد مذکر | اسمِ جمع | ثلاثی مجرد | اجوفِ واوی | _ |
| غَابَ | چھوڑ دیا / غائب ہوئے | واحد مذکر غائب | فعل ماضی معروف | ثلاثی مجرد | اجوفِ یائی | ضَرَبَ – يَضرِبُ |
| قُدِّسَ | پاک/صاف کیے گئے | واحد مذکر غائب | فعل ماضی مجہول | ثلاثی مزیدفیہ | صحیح | تَفعِيل |
| يَسرِي | رات کو سفر کرتے | واحد مذکر غائب | فعل مضارع معروف | ثلاثی مجرد | ناقصِ یائی | ضَرَبَ – يَضرِبُ |
| يَغتَدِي | صبح کرتے | واحد مذکر غائب | فعل مضارع معروف | ثلاثی مزیدفیہ | ناقصِ یائی | اِفتِعَال |

- تَرَحَّلَ عَنْ قَوْمٍ فَضَلَّتْ عُقُوْلُهُمْ وَحَلَّ عَلَى قَوْمٍ بِنُوْرٍ مُجَدَّدِ

ترجمہ: (آپ ﷺ) نے قوم سے کوچ کیا تو اُن کی عقلیں گمراہ ہوگئیں اور (دوسری) قوم کے پاس نئے نور کے ساتھ گئے۔

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تَرَحَّلَ | کوچ کیا/رحلت فرمائی | واحد مذکر غائب | فعل ماضی معروف | ثلاثی مزیدفیہ | صحیح | تَفَعُّل |
| ضَلَّت | گمراہ ہوگئی | واحد مؤنث غائب | فعل ماضی معروف | ثلاثی مجرد | مضاعف | ضَرَبَ – يَضرِبُ |
| حَلَّ | اُترے/پاس گئے | واحد مذکر غائب | فعل ماضی معروف | ثلاثی مجرد | مضاعف | ضَرَبَ – يَضرِبُ |
| مُجَدَّد | نئے/تجدید کیے ہوئے | واحد مذکر | اسمِ مفعول | ثلاثی مزیدفیہ | مضاعف | تفعِيل |

- هَدَاهُمْ بِهِ بَعْدَ الضَّلَالِ رَبُّهُمْ وَأَرْشَدَهُمْ، مَنْ يَتْبَعِ الْحَقَّ يَرْشَدِ

ترجمہ: اُن (لوگوں) کے رب نے اُس (نبی ﷺ) کے ذریعے انہیں گمراہی کے بعد ہدایت دی اور رہنمائی کری، جو حق کی اتباع کرے وہ کامیاب ہوا۔

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الضَّلَالُ | گمراہ ہونا | واحد مذکر | اسمِ مصدر | ثلاثی مجرد | مضاعف | ضَرَبَ – يَضرِبُ |
| يَتبَعُ | اتباع کرے/پیچھے چلے | واحد مذکر غائب | فعل مضارع معروف | ثلاثی مجرد | صحیح | سَمِعَ – يَسمَعُ |
| يَرشَدُ | کامیاب ہوا | واحد مذکر غائب | فعل مضارع معروف | ثلاثی مجرد | صحیح | سَمِعَ – يَسمَعُ |

---

(1): جب رسول اللہ ﷺ نے مکے کی طرف ہجرت کی اور مکے میں تین رات قیام فرمایا اور اہلِ مکہ اس بات سے بے خبر تھے تو ایک غیبی آواز سے اشعار سنائے دیے گئے اور اہلِ مکہ اُسے سنتے، اُس کی اتباع کرتے حالانکہ وہ لوگ اُسے نہیں دیکھ سکتے تھے، تو جب حضرتِ حسان کو یہ بات پہنچی تو آپ رضی اللہ عنہ نے یہ اشعار پڑھے۔

- وَ هَلْ يَسْتَوِيْ ضُلّالُ قَوْمٍ تَسَفَّهُوا عَمًى، وَ هُدَاةٌ يَهْتَدُونَ بِمُهْتَدِ

ترجمہ: اور کیا برابر ہیں وہ گمراہ لوگ جنہوں نے اندھے ہوکر بے وقوفی ظاہر کی، اور وہ ہدایت یافتہ (لوگ) جنہوں نے مُہتد کے ذریعے ہدایت پائی.

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| يَستَوِی | برابر ہیں | واحد مذکر غائب | فعل مضارع معروف | ثلاثی مزیدفیہ | لفیفِ مقرون | اِفتِعَال |
| ضُلَّالُ | گمراہ، | جمع مذکر | اسمِ فاعل | ثلاثی مجرد | مضاعف | _ |
| تَسَفَّهُوْا | حق سے انحراف کیا | جمع مذکر غائب | فعل ماضی معروف | ثلاثی مزیدفیہ | صحیح | تَفَعُّل |
| عَمًى | اندھا ہونا | واحد مذکر | اسمِ مصدر | ثلاثی مجرد | ناقصِ یائی | سَمِعَ – يَسمَعُ |
| هُدَاةٌ | ہدایت یافتہ، و (الهَادِی) | جمع مذکر | اسمِ فاعل | ثلاثی مجرد | ناقصِ یائی | ضَرَبَ – یَضرِبُ |

- لَقَدْ نَزَلَتْ مِنْهُ عَلَى أَهْلِ يَثْرِبٍ رِكَابُ هُدًى حَلَّتْ عَلَيْهِمْ بِأَسْعَدِ

ترجمہ: اِس (نبی کریم ﷺ) کی وجہ سے یثرب والوں پر ایسی ہدایت والی سواری اُتری جو اُن کے پاس بڑی سعادت کے ساتھ ٹہری.

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نَزَلَتْ | اُتری | واحد مؤنث غائب | فعل ماضی معروف | ثلاثی مجرد | صحیح | ضَرَبَ – یَضرِبُ |
| رِكَابُ | سواری، ج (رُكُبٌ، رَكَائِبُ) | واحد مذکر | اسمِ جامد | ثلاثی مجرد | صحیح | _ |
| أسعَدُ | سب سے بڑی سعادت | واحد مذکر | اسمِ تفضیل | ثلاثی مجرد | صحیح | فَتَحَ – يَفتَحُ |

- نَبِيٌّ يرَى مَا لا يرَى النَّاسُ حَوْلَهُ وَيَتْلُو كِتَابَ اللهِ فِي كُلِّ مَسْجِدِ

ترجمہ: (نبی کریم ﷺ) ایسے نبی ہیں جو اپنے ارد وہ دیکھتے ہیں جو لوگ نہیں دیکھتے اور وہ (نبی) ہر مجلس میں کتاب اللہ (قرآن مجید) کی تلاوت کرتے ہیں.

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| يَرَى | وہ دیکھتا ہے | واحد مذکر غائب | فعل مضارع معروف | ثلاثی مجرد | مہموز العین، ناقصِ یائی | فَتَحَ – يَفتَحُ |
| حَولُ | ارد گرد، ج (أحوَالُ) | واحد مذکر | اسمِ جامد | ثلاثی مجرد | اجوفِ واوی | _ |
| مَسجِدُ | مجلس، ج (مَسَاجِدُ) | واحد مذکر | اسمِ ظرف (مکان) | ثلاثی مجرد | صحیح | نَصَرَ – یَنْصُرُ |

- وإنْ قَالَ فِي يَوْمٍ مَقَالَةَ غَائِبٍ فَتَصْدِيقُها في الْيومِ أَوْ فِي ضُحَى الغَدِ

ترجمہ: اور اگر اُس (نبی کریم ﷺ) نے کسی دن کوئی پوشیدہ بات ارشاد فرمائی تو (رب تعالیٰ) اُس کی تصدیق اُسی دن یا اگلے دن کی صبح میں فرمادیتا۔

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | ہفت اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ابواب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مَقَالَةَ | باتیں | واحد مؤنث | اسم جامد | ثلاثی مجرد | اجوفِ واوی | _ |
| غَائِبٌ | پوشیدہ | واحد مذکر | اسم فاعل | ثلاثی مجرد | اجوفِ یائی | ضَرَبَ – یَضرِبُ |
| ضُحٰی | دن چڑھنے کا وقت/چاشت | واحد مذکر | اسم جامد | ثلاثی مجرد | ناقصِ واوی | _ |
| الغَدُ | کل/اگلے | واحد مذکر | اسم جامد | ثلاثی مجرد | ناقصِ یائی | _ |

- لِيَهنِ أبَا بَكرٍ سعَادَةُ جَدِّهِ بِصُحْبَتِهِ، مَنْ يُسْعِدِ الله يَسْعَدِ

ترجمہ: چاہیئے کہ ابوبکر کو اُس کی خوشحالی خوشخبری دے آپ (ﷺ) کی صحبت کے سبب کہ جسے اللہ پاک خوش بخت بناتا ہے تو وہ خوش نصیب ہوا۔

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | ہفت اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ابواب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لِيَهْنِ | مبارک باد دے | واحد مذکر غائب | فعل امر معروف | ثلاثی مجرد | مہموز اللام | فَتَحَ – یَفتَحُ |
| سَعَادَةُ | خوشحالی/بختی | واحد مؤنث | اسم جامد | ثلاثی مجرد | صحیح | _ |
| يُسعِدُ | خوش بخت بناتا ہے | واحد مذکر غائب | فعل مضارع معروف | ثلاثی مزیدفیہ | صحیح | اِفعَال |
| يَسعَدُ | خوش نصیب ہوا | واحد مذکر غائب | فعل مضارع معروف | ثلاثی مجرد | صحیح | فَتَحَ – یَفتَحُ |

وقال في ”أسد الغابة“: وصفت عائشة رسولَ الله فقالت: ((كان والله كما قال فيه حسّان))[(2)]

- مَتَى يَبْدُ فِي الدَّاجِي الْبَهِيمِ جَبِينُهُ يَلُحْ مِثْلَ مِصْبَاحِ الدُّجَى الْمُتَوَقِّدِ

ترجمہ: جب آپ (ﷺ) کی پیشانی خوب تارک میں ظاہر ہوئی تو وہ اندھیرے کے چراغ (مراد ستارہ) کی طرح روشن ظاہر ہوئی۔

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | ہفت اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ابواب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| يَبْدُ | ظاہر ہوتا | واحد مذکر غائب | فعل مضارع معروف | ثلاثی مجرد | ناقصِ واوی | نَصَرَ – یَنْصُرُ |
| الدَّاجِي | تاریک/اندھیرا | واحد مذکر | اسم فاعل | ثلاثی مجرد | ناقصِ یائی | نَصَرَ – یَنْصُرُ |
| الجَبِينُ | پیشانی، ج (أجبُنٌ، أجبِنَةٌ، جُبُنٌ) | واحد مذکر | اسم جامد | ثلاثی مجرد | صحیح | _ |
| المُتَوَقِّدُ | چمکنے والی | واحد مذکر | اسم فاعل | ثلاثی مزیدفیہ | مثالِ واوی | تَفَعُّل |

(2): یہ کتاب ”أُسد الغَابَة فی معرفة الصحابة“ علامہ عز الدین محمد بن علی الجزری معروف ابن الأثیر کی ہے جو کہ علمِ اصولِ حدیث کے موضوع پر لکھی گئی ہے اس میں مذکور ہے کہ حضرتِ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے حضور اکرم ﷺ کے اوصاف بیان کرتے ہوئے فرمایا: کہ اللہ کی قسم! جیسا کہ حضرت حسان نے آپ ﷺ کے اوصاف بیان کیے آپ ویسے ہی ہیں۔

- فَمَنْ كَانَ أَوْ يَكُوْنُ كَأَحْمَد          نِظَامٌ لِحَقٍّ أَوْ نَكَالٌ لِمُلْحِدِ

ترجمہ: تو کون ہے یا ہوگا احمد (حضور ﷺ) کی طرح جو کہ حق کا سلسلہ اور ملحدین کے لیے عبرتناک سزا ہیں.

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نِظَامٌ | سلسلہ، طرزِ عمل | واحد مذکر | اسمِ جامد | ثلاثی مجرد | صحیح | _ |
| نَكَالٌ | سزا/عبرتناک | واحد مذکر | اسمِ جامد | ثلاثی مجرد | صحیح | _ |
| مُلحِدُ | الحاد پھیلانے والے | واحد مذکر | اسمِ فاعل | ثلاثی مزیدفیہ | صحیح | اِفعَال |

## من الثالث الطويل والقافية متواتر

- وَإِنَّ امْرَأً يُمْسِي وَيُصْبِحُ سَالِمًا          مِنَ النَّاسِ إِلَّا مَا جَنَى لَسَعِيدُ

ترجمہ: اور بیشک وہ مرد جو صبح و شام لوگوں سے سلامتی کی حالت میں کرتا ہے تو ضرور وہ سعادت والا ہے مگر جس نے جرم کیا.

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| امْرَأً | مرد، ج (رِجَالٌ) | واحد مذکر | اسمِ جامد | ثلاثی مجرد | مہموز اللام | _ |
| وَيُصْبِحُ | صبح کرتا ہے | واحد مذکر | فعل مضارع (ناقصہ) | ثلاثی مزیدفیہ | صحیح | اِفعَال |
| سَالِمًا | سلامتی والا | واحد مذکر | اسمِ فاعل | ثلاثی مجرد | صحیح | سَمِعَ – يَسمَعُ |
| جَنَى | جرم/گناہ کرا | واحد مذکر غائب | فعل ماضی معروف | ثلاثی مجرد | ناقصِ یائی | ضَرَبَ – يَضرِبُ |
| سَعِيدُ | سعادت والا | واحد مذکر | صفتِ مشبہ | ثلاثی مجرد | صحیح | فَتَحَ – يَفتَحُ |

- وَإِنَّ امْرَأً نَالَ الْغِنَى ثُمَّ لَمْ يَنَلْ          صَدِيقًا وَلَا ذَا حَاجَةٍ لَزَهِيدُ

ترجمہ: اور بیشک وہ مرد جس نے مالداری کو پایا پھر کوئی سچا دوست نہ پایا اور نہ ہی کوئی حاجت مند (پایا) تو ضرور وہ بہت محروم ہے.

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نَالَ | پایا اُس ایک مرد نے | واحد مذکر غائب | فعل ماضی معروف | ثلاثی مجرد | اجوفِ واوی | نَصَرَ – يَنْصُرُ |
| الْغِنَى | مال دار ہونا | واحد مذکر | اسمِ مصدر | ثلاثی مجرد | ناقصِ یائی | سَمِعَ – يَسمَعُ |
| صَدِيقٌ | دوست | واحد مذکر | اسمِ مبالغہ | ثلاثی مجرد | صحیح | نَصَرَ – يَنْصُرُ |
| زَهِيدُ | بہت محروم | واحد مذکر | اسمِ مبالغہ | ثلاثی مجرد | صحیح | سَمِعَ – يَسمَعُ |

- وَإِنَّ امْرَأً لَاحَى الرِّجَالَ عَلَى الْغِنَى          وَلَمْ يَسْأَلِ اللّٰهَ الْغِنَى لَحَسُوْدُ

ترجمہ: اور بیشک وہ مرد جو مالداری پر لوگوں کو ملامت کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ سے مالداری کا سوال نہیں کرتا تو وہ ضرور بہت بڑا حاسد ہے.

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لَاحَى | ملامت کی | واحد مذکر غائب | فعل ماضی میں | ثلاثی مزیدفیہ | ناقصِ یائی | مُفَاعَلَة |
| لَمْ يَسْأَلِ | وہ سوال نہیں کرتا | واحد مذکر غائب | فعل نفی جحد بلم | ثلاثی مجرد | مہموز العین | فَتَحَ – يَفتَحُ |
| حَسُوْدُ | بہت بڑا حاسد | واحد مذکر | اسمِ مبالغہ | ثلاثی مجرد | صحیح | نَصَرَ – يَنْصُرُ |

## وقال لعمرو بن العاصی السهمی(3)

• زَعَمَ ابْنُ نَابِغَةَ اللَّئِيمُ بِأَنَّنَا لَا نَجْعَلُ الْأَحْسَابَ دُونَ مُحَمَّدِ

ترجمہ: ابنِ نابغہ (مراد عمرو بن عاص) کمینے نے گمان کیا کہ ہم شرافتِ خاندانی کو محمد (ﷺ) پر نہیں رکھیں گے۔ (یعنی کہ ہم اپنی جان آپ ﷺ پر قربان نہیں کریں گے حالانکہ معاملہ برعکس ہے کہ ہم اپنی جان اور مال آپ ﷺ پر فدا کریں گے۔

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| زَعَمَ | گمان کیا اُس ایک مرد نے | واحد مذکر غائب | فعل ماضی معروف | ثلاثی مجرد | صحیح | نَصَرَ – يَنْصُرُ |
| اللَّئِيمُ | لعنت والا | واحد مذکر | صفتِ مشبہ | ثلاثی مجرد | مہموز العین | فَتَحَ – يَفْتَحُ |
| لَانَجعَلُ | ہم نہیں رکھتے | جمع متکلم | فعل مضارع منفی | ثلاثی مجرد | صحیح | فَتَحَ – يَفْتَحُ |
| الأحسَابُ | شرافت خاندانی، و (الحَسَبُ) | جمع مذکر | اسم جامد | ثلاثی مجرد | صحیح | _ |

• أَمْوَالُنَا وَنُفُوْسُنَا مِنْ دُونِهِ مَنْ يَصْطَنِعْ خَيْرًا يُثَبْ وَيُحَمَّدِ

ترجمہ: ہمارے مال اور جانیں حضور ﷺ کے بغیر (کچھ نہیں)، جو بھلائی کام کرتا ہے/کرے گا تو (اُسے) ثواب دیا جائے گا اور (اُس کی) تعریف کی جائے گی۔

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| أموَالٌ | مال ودولت، و (المَالُ) | جمع مذکر | اسم جامد | ثلاثی مجرد | اجوفِ واوی | _ |
| نُفُوسٌ | جانیں، و (النَّفسُ) | جمع مذکر | اسم جامد | ثلاثی مجرد | صحیح | _ |
| يَصطَنِع | کرتا ہے/کرے گا | واحد مذکر غائب | فعل مضارع معروف | ثلاثی مزیدفیہ | صحیح | اِفتِعَال |
| يُثَب | انعام دیا جائے گا | واحد مذکر غائب | فعل مضارع معروف | ثلاثی مزیدفیہ | اجوفِ واوی | اِفعَال |
| يُحَمَّدُ | تعریف کی جائے گی | واحد مذکر غائب | فعل مضارع معروف | ثلاثی مزیدفیہ | صحیح | تَفعِيل |

• فِتْيَانُ صِدْقٍ كَاللُّيُوْثِ مَسَاعِرٌ مَنْ يَلْقَهُمْ يَوْمَ الهِيَاجِ يُعَرَّدِ

ترجمہ: (ہم) سچے نوجوان ہیں، شیروں کی طرح (جنگ کو) بھڑکانے والے ہیں جو (ہم سے) جنگ کے دن ملتا ہے تو وہ بھگا دیا جاتا ہے۔

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فِتيَانٌ | نوجوان، و (الفَتَى) | جمع مذکر | اسم جامد | ثلاثی مجرد | ناقصِ یائی | _ |
| اللُّيُوثُ | شیروں، و (اللَّيثُ) | جمع مذکر | اسم جامد | ثلاثی مجرد | اجوفِ یائی | _ |
| مَسَاعِرٌ | نارِ جنگ کو بھڑکانے والے | جمع مذکر، و (مِسعَرُ) | اسم جامد | ثلاثی مجرد | صحیح | _ |
| الهِيَاجُ | جنگ کا دن | واحد مذکر | اسم جامد | ثلاثی مجرد | اجوفِ یائی | _ |
| يُعَرَّدُ | بھگا دیا جاتا ہے | واحد مذکر غائب | فعل مضارع مجہول | ثلاثی مزیدفیہ | صحیح | تَفعِيل |

---

(3): عمرو نام، ابو عبد اللہ اور ابو محمد کنیت، والد کا نام عاص، اور والدہ کا نام نابغہ تھا، عمرو بن العاص کا خاندان "بنوسہم" زمانہ جاہلیت سے معزز چلا آتا تھا، آپ غزوۂ خندق کے بعد مسلمان ہوئے، آپ کی وفات 664ھ سنِ ہجری میں مصر میں ہوئی اور وہی آپ مدفون ہوئے۔

- قَوْمُ ابْنِ نَابِغَةَ اللِّئَامِ أَذِلَّةٌ لَا يُقْبِلُوْنَ عَلَى صَفِيْرِ الْمُرْعَدِ

ترجمہ: ابنِ نابغہ کی کمینی قوم سب سے ذلیل وحقیر تر ہے جو خوف زدہ کی کپکپی والی آواز پر بھی متوجہ نہیں ہوتی.

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا يُقبِلُونَ | متوجہ نہیں ہوتی | جمع مذکر غائب | فعل مضارع معروف | ثلاثی مزیدفیہ | صحیح | اِفعَال |
| صَفِيرُ | سیٹی | واحد مذکر | اسم جامد | ثلاثی مجرد | صحیح | _ |
| المُرعَدُ | کپکپائی ہوئی | واحد مذکر | اسمِ مفعول | ثلاثی مزیدفیہ | صحیح | اِفعَال |

- وَبَنَى لَهُمْ بَيْتًا أَبُوكَ مُقَصِّرًا كُفْرًا وَلُؤْمًا بِئْسَ بَيْتُ الْمَحْتِدِ

ترجمہ: اور تمہارے ابو نے اُن کے لیے کوتاہی کرتے ہوئے گھر بنایا، کفر وملامت والا اصل کا گھر کتنا ہی بُرا ہے.

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مُقَصِّرٌ | کوتاہی کرنے والا | واحد مذکر | اسم فاعل | ثلاثی مزیدفیہ | صحیح | تَفعِيل |
| بِئسَ | کتنا ہی بُرا ہے | واحد مذکر | فعلِ ذم | ثلاثی مجرد | مہموز العین | _ |
| المَحتِدُ | اصل، ج (مَحَاتِدُ) | واحد مذکر | اسم جامد | ثلاثی مجرد | صحیح | _ |

وقال رضي الله عنه يرثي نافع بن بديل استشهد يوم بئر معونة

- رَحِمَ اللّٰهُ نَافِعَ بْنَ بُدَيْلِ رَحْمَةَ الْمُشْتَهِي ثَوَابَ الْجِهَادِ

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نافع بن بدیل پر رحم فرمائے جہاد کے ثواب کی امید وخواہش رکھنے والے پر رحم فرمانے کی طرح.

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| رَحِمَ | رحم ومہربانی کی | واحد مذکر غائب | فعل ماضی معروف | ثلاثی مجرد | صحیح | سَمِعَ – يَسمَعُ |
| المُشتَهِي | خواہش رکھنے والا | واحد مذکر | اسم فاعل | ثلاثی مزیدفیہ | ناقصِ واوی | اِفتِعَال |
| ثَوَابُ | بدلہ/انعام/ثواب | واحد مذکر | اسم جامد | ثلاثی مجرد | اجوفِ واوی | _ |
| الجِهَادُ | جد وجہد/جہاد/لڑائی | واحد مذکر | اسم جامد | ثلاثی مجرد | صحیح | _ |

- صَابِرًا صَادِقَ الْحَدِيْثِ إِذَا مَا أَكْثَرَ الْقَوْمُ قَالَ قَوْلَ السَّدَادِ

ترجمہ: وہ صبر کرنے والے سچی باتیں کرنے والے ہیں جب قوم کے اکثر لوگ باتیں کرتے تو وہ سیدھی بات کرتے.

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| صَابِرٌ | صبر کرنے والا | واحد مذکر | اسم فاعل | ثلاثی مجرد | صحیح | ضَرَبَ – يَضرِبُ |
| صَادِقٌ | سچ بولنے والا | واحد مذکر | اسم فاعل | ثلاثی مجرد | صحیح | نَصَرَ – يَنْصُرُ |
| السَّدَادُ | سچی/سیدھی | واحد مذکر | اسم جامد | ثلاثی مجرد | مضاعف | _ |

وقال رضي الله عنه

- فَلَمّا أناخوا بِجَنْبي صِرارٍ وشَدّوا السُّرُوجَ بِلَيِّ الحُزُم

ترجمہ: تو جب اُنہوں نے صِرار پہاڑ کی دونوں جانب قیام کیا اور انہوں نے رسیوں کو بل دے کر زینوں کو باندھا.

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| أَنَاخُوْا | انہوں نے قیام کیا | جمع مذکر غائب | فعل ماضی معروف | ثلاثی مزیدفیہ | اجوفِ واوی | اِفعَال |
| شَدُّوا | انہوں نے باندھا | جمع مذکر غائب | فعل ماضی معروف | ثلاثی مجرد | مضاعف | نَصَرَ – يَنْصُرُ |
| السُّرُوجُ | زینوں، و (السَّرجُ) | جمع مذکر | اسمِ جامد | ثلاثی مجرد | صحیح | _ |
| الحُزُمُ | رسیاں، و (الحِزَامُ) | جمع مذکر | اسم جامد | ثلاثی مجرد | صحیح | _ |

- فما رَاعَهُمْ غَيْرُ مَعْجِ الخيو لِ، والزّحفُ من خلفهم قد دَهَمَ

ترجمہ: تو انہیں گھوڑوں کے تیز رفتاری کے علاوہ کسی نے خوف زدہ نہیں کیا، اس حال میں کہ لشکر جرّار ان کے پیچھے سے اچانک حملہ آور ہوئے.

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا رَاعَ | خوف زدہ نہیں کیا/ڈرایا | واحد مذکر غائب | فعل ماضی منفی | ثلاثی مجرد | اجوفِ واوی | نَصَرَ – يَنْصُرُ |
| المَعجُ | تیز رفتار ہونا | واحد مذکر | اسمِ مصدر | ثلاثی مجرد | صحیح | _ |
| الزّحفُ | لشکرِ جرار، ج (زُحُوفٌ) | واحد مذکر | اسم جامد | ثلاثی مجرد | صحیح | _ |
| دَهِمَ | اچانک حملہ آور ہوئے | واحد مذکر غائب | فعل ماضی معروف | ثلاثی مجرد | صحیح | فَتَحَ – يَفتَحُ |

- فطَارُوا سِلاَلاً وقد أُفزِعوا وطرْنا إِلَيهِمْ كَأُسْدِ الأَجَمِ

ترجمہ: تو انہوں نے اچانک علیحدہ علیحدہ حملہ کیا حالانکہ وہ خوف زدہ کردے گئے تھے، اور ہم اُن کی طرف ڈرے ہوئے شیر کی طرح حملہ آور ہوئے.

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| طَارُوْا | اڑے (جلدی کیا) | جمع مذکر غائب | فعل ماضی معروف | ثلاثی مجرد | اجوفِ یائی | ضَرَبَ – يَضرِبُ |
| سِلَالٌ | علیحدہ علیحدہ، و (السَّلَّةُ) | واحد مذکر | اسم جامد | ثلاثی مجرد | مضاعف | _ |
| أُفزِعُوا | وہ خوف زدہ کردیے گئے | جمع مذکر غائب | فعل ماضی معروف | ثلاثی مزیدفیہ | صحیح | اِفعَال |
| الأَجَمُ | ڈرے ہوئے، و (الأَجَمَةُ) | جمع مؤنث | اسم جامد | ثلاثی مجرد | مہموز الفاء | _ |

- على كلّ سَلْهَبَة في الصيا ن لا تستكين لطول السام

ترجمہ: (ہم) پتھروں میں (چلنے والے) لمبے گھوڑے پر ہیں جو طویل ملامت کی وجہ سے اکتاتے نہیں ہیں.

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سَلْهَبَة | لمبا گھوڑا، ج (سَلَاهِبَةٌ) | واحد مؤنث | اسم جامد | ثلاثی مجرد | صحیح | _ |
| لا تستكين | عاجز نہیں ہوتا | واحد مؤنث غائب | فعل مضارع منفی | ثلاثی مزیدفیہ | اجوفِ واوی | اِستِفعَالٌ |
| السأم | اکتانا | واحد | اسمِ مصدر | ثلاثی مجرد | مہموز العین | سَمِعَ – يَسمَعُ |

- وكلّ كُمَيْتِ مطار الفؤادِ أمين الفصوص، كمثل الزَلَمْ

ترجمہ: (ہم) ہو سرخ سیاہ رنگ والے ایسے گھوڑے پر سوار ہیں جو بے پَر کے تیر کی طرح تیز دل اور مضبوط جوڑ والا ہے

| **کلمہ** | **ترجمہ** | **صیغہ** | **سہ اقسام** | **شش اقسام** | **ہفت اقسام** | **ازباب** |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الفؤاد | دل، ج (أفئِدَةٌ) | واحد مذکر | اسمِ جامد | ثلاثی مجرد | مہموز العین | _ |
| الفُصُوصُ | جوڑ، و (الفَصُّ) | جمع مذکر | اسمِ جامد | ثلاثی مجرد | مضاعف | _ |
| الزَّلَمُ | بے پَر کا تیر، ج (أزلَامُ) | واحد مذکر | اسمِ جامد | ثلاثی مجرد | صحیح | _ |

# {ديوان الإمام الشافعي}

## جواب اللئيم

(کمینے کو جواب)

- قُلْ بِمَا شِئْتَ فِي مَسَبَّةِ عِرْضِي فَسُكُوتِي عَنِ اللَّئِيْمِ جَوَابٌ

ترجمہ: تُو میری ذات کو بُرا بھلا کہنے میں جو چاہے کہہ لے کہ میرا لئیم (کو جواب دینے) سے خاموش رہنا جواب ہے۔

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلْ | تُو کہہ | واحد مذکر حاضر | فعل امر حاضر معروف | ثلاثی مجرد | اجوفِ واوی | نَصَرَ – يَنْصُرُ |
| شِئتَ | تُو چاہے | واحد مذکر حاضر | فعل امر حاضر معروف | ثلاثی مجرد | اجوفِ یائی، مہموز اللام | فَتَحَ – يَفتَحُ |
| عِرضٌ | جان/نفس، ج (أعرَاضٌ) | واحد مذکر | اسمِ جامد | ثلاثی مجرد | صحیح | _ |
| سُكُوتٌ | خاموش رہنا | واحد مذکر | اسمِ مصدر | ثلاثی مجرد | صحیح | نَصَرَ – يَنْصُرُ |

- مَا أَنَا عَادِمُ الْجَوَابِ وَلَكِنْ مَا مِنَ الْأَسْدِ أَنْ تُجِيْبَ الْكِلَابَ

ترجمہ: میں جواب سے عاجز ہونے والا نہیں لیکن شیروں کی یہ شان نہیں کہ وہ کتوں کو جواب دے۔

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| عَادِمُ | عاجز ہونے والا | واحد مذکر | اسم فاعل | ثلاثی مجرد | صحیح | سَمِعَ – يَسمَعُ |
| تُجِيبُ | جواب دیتا ہے/دے | واحد مؤنث غائب | فعل مضارع معروف | ثلاثی مزیدفیہ | اجوفِ واوی | اِفعَال |
| الكِلَابُ | کتوں، و (الكَلْبُ) | جمع مذکر | اسمِ جامد | ثلاثی مجرد | صحیح | _ |

## الفرج قريب

(کشادگی قریب ہے)

- صَبْرًا جَمِيْلًا مَا أَقْرَبَ الْفَرَجَا مَنْ رَاقَبَ اللّٰهَ فِي الْأُمُوْرِ نَجَا

ترجمہ: تو صبرِ جمیل (اختیار کر) راحت و کشادگی کیا ہی قریب ہے، جو حادثات وواقعات میں اللہ سے امید رکھے تو وہ کامیاب ہوگیا۔

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا أَقْرَبَ | کیا ہی قریب ہے | واحد مذکر غائب | فعلِ تعجب | ثلاثی مجرد | صحیح | كَرُمَ – يَكرُمُ |
| الفَرَجُ | کشادگی، ج (فُرُوجٌ) | واحد مذکر | اسمِ جامد | ثلاثی مجرد | صحیح | _ |
| رَاقَبَ | امید رکھی | واحد مذکر غائب | فعل ماضی معروف | ثلاثی مزیدفیہ | صحیح | مُفَاعَلَة |
| الأمُورُ | حادثہ/واقعے، و (الأمر) | جمع مذکر | اسمِ جامد | ثلاثی مجرد | مہموز الفاء | _ |
| نَجَا | کامیاب ہوا | واحد مذکر غائب | فعل ماضی معروف | ثلاثی مجرد | ناقصِ واوی | نَصَرَ – يَنْصُرُ |

- مَنْ صَدَقَ اللہ لَمْ يَنَلْهُ أَذًى وَمَنْ رَجَاهُ يَكُوْنُ حَيْثُ رَجَا

ترجمہ: جو اللہ تعالیٰ سے سچا تعلق رکھے تو اُسے اذیت نہیں پہنچے گی اور جس نے اللہ سے امید رکھی تو وہ ویسا ہی ہوگا جو اُس نے امید رکھی۔

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | ہفت اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| صَدَقَ | سچے تعلق رکھے | واحد مذکر غائب | فعل ماضی معروف | ثلاثی مجرد | صحیح | نَصَرَ – يَنْصُرُ |
| لَم يَنَلْ | نہیں پہنچے گی | واحد مذکر غائب | فعل نفی جحد بلم | ثلاثی مجرد | اجوفِ واوی | نَصَرَ – يَنْصُرُ |
| أذىً | تکلیف پہنچنا | واحد مذکر | اسمِ مصدر | ثلاثی مجرد | مہموز الفاء، ناقصِ یائی | سَمِعَ – يَسمَعُ |
| رَجَا | امید رکھے | واحد مذکر غائب | فعل ماضی معروف | ثلاثی مجرد | ناقصِ یائی | نَصَرَ – يَنْصُرُ |

## الصمت شرَف

(خاموشی بہتر ہے)

- قَالُوْا سَكَتَّ وَقَدْ خُوْصِمْتَ قُلْتُ لَهُمْ إِنَّ الْجَوَابَ لِبَابِ الشَّرِّ مِفْتَاحُ

ترجمہ: انہوں (دوستوں) نے کہا کہ آپ خاموش رہے حالانکہ آپ سے جھگڑا کیا گیا تو میں نے اُن سے کہا: کہ جواب بُرائی کے دروازے کی چابی ہے۔

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | ہفت اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سَكَتَّ | آپ خاموش رہے | واحد مذکر حاضر | فعل ماضی معروف | ثلاثی مجرد | صحیح | نَصَرَ – يَنْصُرُ |
| خُوصِمتَ | آپ سے جھگڑا کیا گیا | واحد مذکر حاضر | فعل ماضی معروف | ثلاثی مزیدفیہ | صحیح | مُفَاعَلَة |
| الشَّرُّ | فساد، ج (أشرَارٌ، شِرَارٌ) | واحد مذکر | اسم جامد | ثلاثی مجرد | مضاعف | _ |
| مِفتَاحُ | چابی/کھولنے کا آلہ | واحد مذکر | اسمِ آلہ | ثلاثی مجرد | صحیح | فَتَحَ – يَفتَحُ |

- وَالصَّمْتُ عَنْ جَاهِلٍ أَوْ أَحْمَقٍ شَرَفٌ وَفِيْهِ أَيْضًا لِصَوْنِ الْعِرْضِ إِصْلَاحُ

ترجمہ: جاہل اور بے وقوف (شخص کے ساتھ باتوں) سے خاموشی بہتر ہے اور اِس میں عزت کی حفاظت کی مصلحت بھی ہے۔

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | ہفت اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| شَرَفٌ | عزت، ج (اَشرَافٌ) | واحد مذکر | اسم جامد | ثلاثی مجرد | صحیح | _ |
| الصَّونُ | حفاظت کرنا | واحد مذکر | اسمِ مصدر | ثلاثی مجرد | اجوفِ واوی | نَصَرَ – يَنْصُرُ |
| إصلَاحُ | مصلحت ہونا | واحد مذکر | اسمِ مصدر | ثلاثی مزیدفیہ | صحیح | إفعَال |

- أَمَا تَرَى الْأَسَدَ تُخْشَى وَهِيَ صَامِتَةٌ وَالْكَلْبُ يُخْسَا لَعَمْرِي وَهُوَ نَبَّاحُ

ترجمہ: کیا تُم شیروں کو نہیں دیکھتے کہ (اُس سے) ڈرا جاتا ہے حالانکہ وہ خاموش رہنے والا ہے اور اللہ کی قسم! کتے کو دھتکارا جاتا ہے حالانکہ وہ بھونکنے والا ہے۔

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا تَرَى | تُم نہیں دیکھتے | واحد مذکر حاضر | فعل مضارع منفی | ثلاثی مجرد | مہموز العین، ناقصِ یائی | فَتَحَ – يَفتَحُ |
| تُخْشَى | ڈرا جاتا ہے | واحد مؤنث غائب | فعل مضارع مجہول | ثلاثی مجرد | ناقصِ یائی | سَمِعَ – يَسمَعُ |
| صَامِتَةٌ | خاموش رہنے والا | واحد مؤنث | اسمِ فاعل | ثلاثی مجرد | صحیح | نَصَرَ – يَنْصُرُ |
| يُخْسَا | دھتکارا جاتا ہے | واحد مذکر غائب | فعل مضارع مجہول | ثلاثی مجرد | ناقصِ یائی | ضَرَبَ – يَضرِبُ |
| نَبَّاحُ | بھونکنے والا | واحد مذکر | اسمِ مبالغہ | ثلاثی مجرد | صحیح | فَتَحَ – يَفتَحُ |

## العلم نور

(علم نور ہے)

- شَكَوْتُ إِلَى وَكِيْعٍ سُوْءَ حِفْظِي فَأَرْشَدَنِي إِلَى تَرْكِ الْمَعَاصِي

ترجمہ: میں نے وکیع کی طرف میرے حافظے کی شکایت کی تو اُنہوں نے مجھے گناہوں کو چھوڑنے کی طرف رہنمائی کی۔

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| شَكَوْتُ | میں نے شکایت کی | واحد متکلم | فعل ماضی معروف | ثلاثی مجرد | ناقصِ واوی | نَصَرَ – يَنْصُرُ |
| أَرْشَدَ | رہنمائی کی | واحد مذکر غائب | فعل ماضی معروف | ثلاثی مزیدفیہ | صحیح | إفعَال |
| المَعَاصِي | گناہوں/گناہ کے وقت | جمع مذکر | اسمِ ظرف (زمان) | ثلاثی مجرد | ناقصِ واوی | نَصَرَ – يَنْصُرُ |

- وَأَخْبَرَنِي بِأَنَّ الْعِلْمَ نُوْرٌ وَنُوْرُ اللهِ لَا يُهْدَى لِعَاصِي

ترجمہ: اور مجھے اِس بات کی خبر دی کہ علم نور ہے اور اللہ کا نور گناہ کرنے والے کو نہیں دیا جاتا۔

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| أخبَرَ | خبر دی | واحد مذکر غائب | فعل ماضی معروف | ثلاثی مزیدفیہ | صحیح | إفعَال |
| العِلمُ | علم/واقفیت، ج (عُلُومٌ) | واحد مذکر | اسمِ جامد | ثلاثی مجرد | صحیح | سَمِعَ – يَسمَعُ |
| نُورٌ | روشنی/نور، ج (أنوَارٌ) | واحد مذکر | اسمِ جامد | ثلاثی مجرد | اجوفِ واوی | _ |
| لَا يُهدَى | ہدایت نہیں دی جاتی | واحد مذکر غائب | فعل مضارع مجہول | ثلاثی مجرد | ناقصِ یائی | ضَرَبَ – يَضرِبُ |
| العَاصِي | گناہ کرنے والا | واحد مذکر | اسمِ فاعل | ثلاثی مجرد | ناقصِ یائی | ضَرَبَ – يَضرِبُ |

## فضل العلم
(علم کی فضیلت)

- اَلْعِلْمُ مِنْ فَضْلِهِ لِمَنْ خَدَمَهُ      أَنْ يَجْعَلَ النَّاسَ كُلَّهُمْ خَدَمَهُ

ترجمہ: علم اُس کی فضیلت میں سے ہے کہ جو اُس (علم) کی خدمت کرے تو وہ تمام لوگوں کو اِس کا خادم بنادیتا ہے۔

| کلمہ | ترجمہ | صیغہ | سہ اقسام | شش اقسام | ہفت اقسام | ازباب |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| خَدَمَ | خدمت کی | واحد مذکر غائب | فعل ماضی معروف | ثلاثی مجرد | صحیح | نَصَرَ + ضَرَبَ |
| النَّاسُ | لوگ، و (إنسَان) | واحد مذکر | اسمِ جمع | ثلاثی مجرد | اجوفِ واوی | _ |
| خَدَمَة | خدمت کرنا | واحد مذکر | اسمِ مصدر | ثلاثی مجرد | صحیح | نَصَرَ + ضَرَبَ |

